# Ta‘līm Paper – 1st Quarter 2024 (جمادی الآخر تا شعبان۔ صلح تا امان۔ جنوری تا مارچ)

نام__________________ مجلس__________________ ممبر کوڈ__________ ٹوٹل نمبر(۱۰۰)

## حصہ اول: قرآن کریم۔ سلیبس: ساتواں پارہ پہلا ربع

درج ذیل آیات کے صحیح ترجمے ملائیں؟

| | |
|---|---|
| A | يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۱﴾ |
| B | اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۲﴾ |
| C | وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۳﴾ |

1. اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! یقیناً مدہوش کرنے والی چیز اور جوا اور بت (پرستی) اور تیروں سے قسمت آزمائی یہ سب ناپاک شیطانی عمل ہیں۔ پس ان سے پوری طرح بچو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔
2. اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور (برائی سے) بچتے رہو۔ اور اگر تم پیٹھ پھیر جاؤ تو جان لو کہ ہمارے رسول پر صرف واضح پیغام پہنچانا ہے۔
3. شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعہ سے تمہارے درمیان دشمنی اور بغض پیدا کر دے اور تمہیں ذکرِ الٰہی اور نماز سے باز رکھے۔ تو کیا تم باز آجانے والے ہو؟

| | | |
|---|---|---|
| . A3, B1, C2 | . A1, B3, C2 | . A2, B3, C1 |

مندرجہ ذیل عربی لفظ کا صحیح ترجمہ منتخب کریں۔

| جَزَآءُ | | نَطْمَعُ | | الدَّمْعِ | | تَفِيْضُ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | سلطنت | ا | پاک | ا | حسد | ا | پاک |
| ب | جزا۔ بدلہ | ب | ہم خواہش رکھتے ہیں | ب | تم روکے جاتے ہو | ب | مسئلہ |
| ج | وہ صلیب پر چڑھائے جائیں | ج | بنانے والیاں | ج | نہ آرزو کرو | ج | وہ بہتی ہیں |
| د | انصاف | د | زیادتی | د | آنسو | د | ثواب |
| تَحْرِيْرُ | | اَيْمَانِكُمْ | | اَحَلَّ | | تُحَرِّمُوْا | |
| ا | زخم (جمع) | ا | خوش ہونا | ا | فضیلت، معرفت | ا | تم حرام ٹھہراؤ |
| ب | آزاد کرنا | ب | ڈرانا | ب | مالِ حرام کو | ب | طوعی |
| ج | نابالغ | ج | تمہاری قسمیں | ج | اس نے حلال قرار دیا | ج | طویل |
| د | غیر سنجیدہ | د | مجھ سے ڈرو | د | اعتدال | د | کامل حیات |
| | | | | كِسْوَتُهُمْ | | رَقَبَةٍ | |
| | | | | ا | سمجھدار | ا | قیام |
| | | | | ب | انہیں کپڑے پہنانا | ب | گردن |
| | | | | ج | پوری طرح جھکنا | ج | وہ پیروی کرتے ہیں |
| | | | | د | انہوں نے چھپایا | د | بدلہ |

# سلیبس: منتخب احادیث (اُردو) اُ(حدیث نمبر 7 صفحہ 6-7)

مندرجہ ذیل حدیث کا صحیح ترجمہ منتخب کریں

**سوال:** عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ الَّذِیْ یَذْکُرُ رَبَّہٗ وَالَّذِیْ لَا یَذْکُرُہٗ مَثَلُ الْحَیِّ وَالْمَیِّتِ۔ وَرَوَاہُ مُسْلِمٌ: فَقَالَ مَثَلُ الْبَیْتِ الَّذِیْ یُذْکَرُ اللّٰہُ فِیْہِ وَالْبَیْتِ الَّذِیْ لَا یُذْکَرُ اللّٰہُ فِیْہِ مَثَلُ الْحَیِّ وَالْمَیِّتِ.

| | |
|---|---|
| A. | حضرت حارث اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ نبیؐ نے فرمایا جس نے جو اکیا اس نے اللہ اور اس کے رسول سے بغاوت کی۔ اور مسلم کی روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ گھر جس میں جوا کیا جاتا ہے اس نے اللہ اور اس کے رسول سے بغاوت کی |
| B | حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ نبیؐ نے فرمایا کہ وہ شخص جو ذکر الٰہی کرتا ہے بمقابلہ اس کے جو ذکر الٰہی نہیں کرتا اس کی مثال ایسی ہے جیسا کہ ایک زندہ شخص کے مقابلے میں مردہ شخص۔ اور مسلم کی روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ گھر جس میں خدا کا ذکر ہوتا ہے اور وہ گھر جس میں خدا تعالیٰ کا ذکر نہیں ہوتا اس کی مثال زندہ اور مردہ کی طرح ہے |

## حصہ سوم: کتب۔ سلیبس: ''ہماری تعلیم ماخوز از کتاب کشتی نوح'' تصنیف حضرت مسیح موعود علیہ السلام

**سوال:** "انی احافظ کل من فی الدار" یعنی ہر ایک جو تیرے گھر کی چار دیوار کے اندر رہے میں اس کو بچاؤں گا" اس سے کیا مراد ہے؟ (صحیح جواب منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | وہ لوگ جو حضرت مسیح موعودؑ کے گھر کے اندر ہیں |
| B. | وہ لوگ جو حضرت مسیح موعودؑ کے خاک و خشت کے گھر میں بود و باش رکھتے ہیں |
| C. | وہ لوگ جو حضرت مسیح موعودؑ کی تعلیمات کی پوری پوری پیروی کرتے ہیں وہ آپ کے روحانی گھر میں داخل ہیں |

**سوال:** خدا کی لعنت سے کیوں خائف رہنا چاہئے؟ (صحیح جواب منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | دھوئیں کی طرح دیکھتے دیکھتے غائب ہو جاتی ہے۔ |
| B. | اسلئیے کہ وہ آسمان سے نازل ہوتی ہے اور جس پر پڑتی ہے اس کی دونوں جہانوں میں بیخ کنی کر جاتی ہے۔ |
| C. | دن کو رات نہیں کر سکتی۔ |

**سوال** حضرت مسیح موعودؑ نے کن لوگوں کو آسمان پر مقدم رکھے جانے کا ذکر فرمایا ہے؟ (صحیح جواب منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | جو لوگ ہر حدیث اور ہر ایک قول پر قرآن کو مقدم رکھیں گے۔ |
| B. | جو لوگ حدیث کو مقدم رکھیں گے۔ |
| C. | جو لوگ ہر ایک قول کو مقدم رکھیں گے۔ |

**سوال** ہماری تعلیم کے مطابق نجات یافتہ کون ہے؟ (تمام صحیح جواب منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | وہ جو یقین رکھتا ہے کہ خدا سچ ہے۔ |
| B. | جو یقین رکھتا ہے کہ محمدؐ اس میں اور تمام مخلوق میں درمیانی شفیع ہیں۔ |
| C. | وہ جو یقین رکھتا ہے کہ آسمان کے نیچے نہ اس کے ہم مرتبہ کوئی اور رسول ہے اور نہ قرآن کے ہم رتبہ کوئی اور کتاب ہے۔ |

**سوال:** ہماری تعلیم میں حضرت محمدؐ کے ہمیشہ زندہ رہنے کا کیا ثبوت بیان ہوا ہے؟ (تمام صحیح جواب منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | اس کے ہمیشہ زندہ رہنے کے لئے خدا نے یہ بنیاد ڈالی ہے کہ اس کے اضافہ تشریعی اور روحانی کو قیامت تک جاری رکھا۔ |
| B. | اور آخر کار اس کی روحانی فیض رسانی سے اس مسیح موعودؑ کو دنیا میں بھیجا |
| C. | محمدیؐ سلسلہ موسوی سلسلہ کے قائم مقام ہے۔ |

**سوال:** "ہماری تعلیم" کے مطابق کون آسمان پر حضرت مسیح موعودؑ کی جماعت میں شمار ہوتا ہے؟ (صحیح جواب منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | جو پنج وقتہ نمازوں کا التزام کرے۔ |
| B. | جو ہر نیکی کو سنوار کر ادا کرے۔ |
| C. | جو سچ مچ تقویٰ کی راہوں پر قدم مارے گا۔ |

## حصہ چہارم: خطباتِ جمعہ حضرت خلیفۃ المسیح۔ سلیبس: حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ فرمودہ 18 اگست 2023

**سوال:** ایک حدیث میں آتا ہے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ کوئی عہدہ اور ایسا مقام جس میں لوگوں کے معاملات دیکھنے کا اختیار دیا گیا ہو یا لوگوں کو نگران مقرر کیا گیا ہو تو یہ بھی ایک۔۔۔۔۔۔۔ ہے (خالی جگہ پُر کریں)

| | |
|---|---|
| A. | ذمہ داری |
| B. | اہم کام |
| C. | امانت |

**سوال:** عہدیدار منتخب کرنے کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے؟ (صحیح جواب منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | عہدیدار کے انتخاب کے وقت دوستی کا خیال رکھنا چاہیئے |
| B. | عہدیدار کے انتخاب کے وقت رشتہ داری کا خیال رکھنا چاہیئے |
| C. | جب تم یہ عہدیدار منتخب کرو تو ایسے لوگوں کو منتخب کرو جو تمہاری نظر میں اس کام کیلیے بہترین ہیں اور اپنے کام کی امانت کا حق ادا کر سکتے ہیں |

**سوال:** حضورِ انور نے عہدیداروں کو کون سی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی ہے (تمام صحیح جوابات منتخب کریں)

| | |
|---|---|
| A. | اپنے اندر عاجزی پیدا کریں اور جو ذمہ داری دی گئی ہے اسے اس کا حق ادا کرتے ہوئے ادا کرنے کی کوشش کریں |
| B. | ہر وقت یہ ذہن میں رہے کہ خدا تعالیٰ ہمارے اوپر نگران ہے۔ وہ ہماری ہر حرکت دیکھ رہا ہے۔ |
| C. | کوئی عہدہ ملنے کے بعد ہم ہر قسم کی بندشوں سے آزاد نہیں ہو گئے بلکہ ہم خدا تعالیٰ کی پکڑ کے نیچے زیادہ آ گئے ہیں۔ |
| D. | لوگوں نے ہمیں منتخب کیا ہے۔ ہم پر اعتماد کر کے خلیفۂ وقت نے ہمیں اس خدمت کیلیے منظور کیا ہے تو ہمیں اس اعتماد کو قائم رکھنے کی کوشش کرنی ہے اور اپنی تمام تر صلاحیتیں اس خدمت کو بہترین رنگ میں ادا کرنے کیلیے صرف کرنی ہیں۔ |

**سوال:** حضورِ انور نے فرمایا: "ہر عہدیدار کو اپنے شعبے کی بہتری کیلیے کم از کم۔۔۔۔۔۔۔ نفل بھی روزانہ پڑھنے چاہییں کہ اللہ تعالیٰ برکت عطا فرمائے۔ (خالی جگہ پُر کریں)

| | |
|---|---|
| A. | چار |
| B. | دو |
| C. | چھ |